سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# وَالْمُحْصَنَاتُ

## 5

# پانچویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

### مضامینِ قرآن کا جامع و مختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

© Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظة

# پانچویں پارے (جزء) "والمحصنات" کا مختصر تعارف

Edition 2022

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

بسم الله الرحمن الرحيم

رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# کِتَابٌ أَنزَلنَاهُ إِلَیکَ مُبارَکٌ لِیَدَّبَّرُوا آیَاتِهِ وَلِیَتَذَکَّرَ أُولُو الأَلبَابِ

سُوْرَۃُ صٓ

یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ [صلی اللہ علیہ وسلم] کی طرف اس لئے نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غوروفکر کریں اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں۔

| پانچویں پارے (جزء) کا مختصر تعارف |
| --- |
| Para 5- Wal Mohsanat"وَالْمُحْصَنَاتُ" |

پانچویں پارے کو اہل علم نے 8 یونٹس میں تقسیم کیا ہے اور اس پارے میں سورۃ النساء کا تسلسل جاری ہے پانچویں پارے کے 8 یونٹس حسبِ ذیل ہیں:

یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 5 "وَالْمُحْصَنَاتُ" کی آیات اور مضامین کی تقسیم

| یونٹس | آیات | | مضامین |
| --- | --- | --- | --- |
| یونٹ نمبر:1 | 24 | 28 | مرد کی سربراہی میں حقوق نسوان کا تعین اور اس کی تفصیلات۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 29 | 43 | "حرمتِ اموال" اور "قوامۃ مالیۃ" مال کی حرمت کا بیان، مرد کی ذمہ داری عورت سے الگ ہے، اور کبیرہ گناہوں تذکرہ کیا گیا ہے، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی فہرست کا ذکر ہے۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 44 | 58 | یہودیوں کا اپنے مذموم حرکات کے ذریعے سے معاشرے میں خرابیاں پیدا کرنے کا بیان، بعض یہود کی دشمنی اور ان کی سزا کا ذکر نیز ان کو دیئے جانے والے عذاب کی تفصیل بیان کی گئی اور اس کے بعد امانتوں کا بیان ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:4 | 59 | 70 | اللہ کے نبی ﷺ کی اطاعت کو شرط لازم قرار دیا گیا، اور لوگوں سے اچھا سلوک کرنے کی ترغیب دی گئی اور یہ بتایا گیا کہ جس نے اللہ کے نبی ﷺ کی اطاعت کی اسی کو نجات حاصل ہو گی۔ |
| یونٹ نمبر:5 | 71 | 94 | اور یہ بھی بتایا گیا کہ اپنے ظاہر اور باطن کو اللہ کے رسول کے حوالے کر دو، قتال کا حکم بطور امتحان ہے، تاکہ مومن اور منافق کی پہچان ہو جائے اس کے بعد مسلمان کے قتل اور اس کے قصاص اور دیت کے مسائل واحکام بیان کئے گئے ہیں۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 95 | 104 | ہجرت کے مقاصد کا تذکرہ، نماز قصر کا بیان اور نماز خوف کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 105 | 135 | اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والے ہیں، اللہ کے نبی ﷺ کی اطاعت کا حکم، استعانت، مدد صرف اللہ سے مانگنے کا حکم۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 136 | 149 | مسلمانوں کے مقابلے دشمنوں سے ساز باز کرنا منافقت کی نشانی گردانی گئی اور اس کے بعد غیبت اور دیگر اقسام کی تفصیل بیان کی گئی۔ |

**یونٹ نمبر1:**

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 24 سے 28 میں عورتوں کے حقوق کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے سب سے پہلے یہ بتادیا گیا ہے کہ مرد عورت کا سربراہ ہے اسی لیے مرد کو عدل اور احسان کا حکم دیا گیا ہے تاکہ گھریلو زندگی پرسکون ماحول میں گزرے اور ایک صالح معاشرہ وجود میں آئے۔

## یونٹ نمبر 1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1"

- محارم عوتوں کا تذکرہ اور مہر کے وجوب کا تذکرہ (22-24)
- باندیوں کا تذکرہ (25)
- بندوں پر اللہ کے انعامات کا تذکرہ (26-28)

## یونٹ نمبر 2:

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 29 سے 43 میں مال کی حرمت "حرمت اموال" اور "قوامۃ مالیۃ" یعنی مال اور اس کی عزت و تکریم کا بیان ہے کہ یعنی کہ حرام طریقے سے کسی کا مال ہڑپ لینا یا اس پر قبضہ کرلینا یا کسی کے مال کو باطل طریقے سے کھالینا ان تمام چیزوں کی حرمت بیان کی گئی ہے اور اسی کے تحت خرید و فروخت کے اسلامی قواعد و ضوابط بیان کئے گئے ہیں جس سے معاشی احترام اور معاشی عدل کا نظام روبہ عمل لایا جاسکتا ہے اور کبیرہ گناہوں سے بچا جاسکتا ہے اسی لیے یہاں پر کبیرہ گناہ بھی بتادیئے گئے اس سے پہلے اور بعد میں وراثت کے مسائل نیز اس کی تمام وضاحتیں اور اصطلاحات بیان کئے گئے پھر اس کے بعد یہ بتایا گیا کہ معاشرے میں مرد کی سربراہی و قوامیت و قیادت کی ذمہ داریاں کیوں اور وہی عورت کے لئے کیوں نہیں ہے؟ دراصل قوامیت ایک ذمہ داری ہے جو مرد کو دی گئی

عورت کو نہیں کیونکہ عورت کو حمل ورضاعت وحضانت وراعیۃ البیت کے بے شمار ذمہ داریوں سے سرفراز کیا گیا ہے، ازدواجی زندگی میں میاں اور بیوی کے درمیان مصالحت کے درپیش اس اصول کو ذکر کیا گیا ہے اس کے بعد حقوق اللہ اور حقوق العباد کا تذکرہ ہے پھر بخیل اور کنجوس لوگوں کی کچھ صفتیں بیان کی گئی ہیں، اور اللہ کی راہ خرچ کرنے فائدے بتائے گئے ہیں۔

## یونٹ نمبر2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"

- مسلمانوں کے جان ومال کی حرمت کا بیان(30-29)
- کبیرہ گناہوں سے بچنے کے بدلے صغیرہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور یہ دخولِ جنت کا ذریعہ بھی ہے(31)
- تمناؤں پر اعتماد کرنے سے روکا گیا اور ایمان وعمل پر اعتماد کرنے اور تقدیر پر راضی رہنے کی تلقین کی گئی(33-32)
- عائلی احکامات بیان کیے گئے(35-34)
- ایک اللہ کی عبادت اور اس کے بندوں سے حسن سلوک کرنے کا حکم(36)
- بخل اور ریاکاری کی مذمت(38-37)
- اللہ کا عدل اور اس کے فضل کا بیان اور جو کفر کرے اس کے لیے وعید(42-40)
- نماز کی چند شروط کا بیان(43)

## یونٹ نمبر3:

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 44 سے لیکر 58 میں بعض یہودیوں کے مذموم حرکات اور ان کے ذریعے سے "Civil Society" میں کس طرح خرابیاں پیدا کی جارہی تھیں اس کا تذکرہ ہے اور ان سب کو مثالوں کے ذریعے سے سمجھایا گیا ہے اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ جو فیصلہ کرتا ہے وہ انصاف پر مبنی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی پر رتی برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور یہودیوں کی دشمنی کی انتہا اور اس کی بدترین سزا کا ذکر کیا گیا کہ کس طرح یہود ابدی جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے اور یہود میں سے جو نیک اور صالح لوگ ہیں ان کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا اس کے بعد امانتوں کا مفصل بیان ہے کہ کس طرح سے لوگوں کی امانتیں انکو لوٹائی جائیں گی اور یہ بھی واضح کر دیا گیا کہ صرف مال ومتاع ہی مال میں داخل نہیں ہے بلکہ وہ تمام چیزیں جو امانت میں داخل ہیں ان سب کو بیان کیا گیا ہے۔

**یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3"**

- یہود کی قباحتوں، گمراہیوں اور ان کی سزا کا بیان (44-55)
- کافروں کی سزا اور مومنوں کی جزا کا بیان (56-57)
- امانت کی ادائیگی کا وجوب، عدل کا حکم، اللہ، اس کے رسول ﷺ اور اولوالامر کی اطاعت کا حکم (58-59)

**یونٹ نمبر 4:**

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 59 سے لیکر 70 میں اللہ کی اطاعت اور اللہ کے نبی ﷺ کی اطاعت یعنی کہ اللہ کی اطاعت اور اطاعتِ رسول ﷺ نجات کا ضامن ہے اور اولوالامر کی اطاعت بطور شرط (جو مبني بر کتاب وسنت ہو) بیان کی گئی ہے اس کے بعد

لوگوں سے اچھا سلوک کرنے کا ذکر ہے اس کے بعد یہ خبر دی گئی ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ اس دنیا سے رخصت ہونے والے ہیں۔

## یونٹ نمبر 4: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4"

- منافقین کا تذکرہ (60-68)
- اطاعت کرنے والوں کا ثواب اور ان کا مقام (69-70)

## یونٹ نمبر 5:

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 71 سے لیکر 94 اس میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ جب دشمن سے مقابلہ کرو تو دو باتوں کا خاص خیال رکھو نمبر ایک اس میں یہ نیت ہونی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اور حدود اللہ کا خیال نمبر دو دشمن کے خلاف آپس میں متحد ہونا لازمی ہے تاکہ شیطان کو ماننے والے غلبہ حاصل نہ کر پائیں اس کے لیے سب سے پہلے صبر کی تلقین کی گئی اور اس کے بعد یہ کہا گیا کہ اپنے ظاہر اور باطن کو اللہ کے نبی ﷺ کا فرمانبردار کر لو اس کے بعد یہ کہا گیا کہ قتال کا حکم تو صرف ایک امتحان ہے تاکہ تم میں کون سچا مومن ہے یہ ظاہر کر دیا جائے اور ان سے جو منافق ہیں ان سے کنارہ کشی اختیار کر لی جائے اس کے بعد ایک مسلمان کے خون کی حرمت بیان کی گئی ہے قصاص اور دیت کے مسائل اور احکام بتائے گئے ہیں اور اس میں یہ بھی تفصیل ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو غلطی سے قتل کر دے تو اس کے کیا احکامات ہیں اور اگر کوئی جان بوجھ کر قتل کر دے تو اس کے احکام و مسائل کیا ہیں ان تمام مسائل پر روشنی ڈالی گئی ہے اور

سب سے آخر میں یہ بھی بتادیا گیا کہ اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا قتل کرتا ہے تو یہ ایک سنگین گناہ ہے بلکہ یہ ایک کبیرہ گناہ قرار دیا گیا ہے۔

## یونٹ نمبر5:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5"

- اسلام میں جہاد کے قواعد اور منافقین کا موقف(71-84)
- شفاعت حسنہ اور شفاعت سیئہ کا بیان(85-86)
- قیامت کا دن حق ہے(87)
- منافقوں کے معاملہ میں لوگوں کی دو قسمیں اور ان سے معاملہ کی کیفیت(91-88)
- غلطی سے قتل کر دینے اور عمدًا قتل کرنے کا حکم(92-93)
- اللہ کے احکام میں ثابت قدم رہنے کا حکم خاص طور پر جہاد میں(94)

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

## یونٹ نمبر:6

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر4 کی آیت نمبر95 سے لیکر104 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ جب ایک مومن بندہ ہجرت کرتا ہے تو اس کے ذریعے فساد نہیں بلکہ امن قائم ہوتا ہے اور اس کا ایک مقصد ظالم کے ہاتھ پکڑنا بھی ہے،اور جس ہجرت میں کوئی مقصد نہ تو وہ ہجرت نہیں کہلائے گی اور سب سے بہترین ہجرت یہ ہے کہ بندہ اپنے گناہوں کو ترک کردے اور اپنے نفس پر "Control" حاصل کرلے،اس کے بعد نماز قصر کے مسائل و احکام بیان کئے گئے ہیں اس کے بعد نماز خوف کے مسائل بیان کئے گئے ہیں۔

## یونٹ نمبر6:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"

مجاہدین کی فضیلت اور مستضعفین کے علاوہ جہاد سے پیچھے رہ جانے والوں کے لیے وعید(95-99)

- اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے کی فضیلت(100)
- نماز قصر اور صلاۃ الخوف کے احکامات(101-103)

**یونٹ نمبر7:**

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 105 سے لیکر 135 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ انصاف کرنے والا ہے اور اس کے بعد اللہ کے نبی ﷺ کی اطاعت کا ذکر ہے اس میں ایک پہلو یہ ہے کہ اگر کوئی اللہ کے نبی کے راستے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ اختیار کرتا ہے تو وہ راستہ قابل قبول نہیں ہوگا اور اس کے فوراًبعد یہ حکم ہوا کہ جو کچھ بھی مانگو اللہ تعالیٰ سے مانگو وہی سب کچھ عطا کرنے والا ہے۔

**یونٹ نمبر7: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"**

- نبی ﷺ کو لوگوں کے فیصلہ کرنے کے دوران عدل وانصاف کرنے کا حکم (104-113)
- زبان کے نقصانات سے بچنے کا حکم اور فائدہ مندبات کی فضیلت کا ذکر، رسول ﷺ اور مومنین کے طریقے کی مخالفت کرنے کا انجام(114-115)
- شرک اور شیطان کے خطرے(116-121)
- ایمان اور عمل صالح کا بیان(122-126)
- عورتوں اور معاشرے کے بعض احکامات(127-130)

- ہر چیز کی ملکیت میں اللہ کی وحدانیت کا بیان (131-134)

**یونٹ نمبر** 8:

پانچواں پارہ سورۃ النساء سورۃ نمبر 4 کی آیت نمبر 136 سے لیکر 149 میں یہ بتایا گیا مسلمانوں کے مقابلے میں دشمنوں سے ساز باز کرنا درست عمل نہیں ہے بلکہ یہ منافقت کا راستہ ہے اور یہ مسلمانوں سے دھوکہ اور فریب کے مترادف کہلائے گا اس کے بعد غیبت کے دیگر اقسام کا ذکر ہے اور اس میں حلال غیبت اور حرام غیبت کو بھی واضح طور پر بیان کیا گیا ہے غیبت اگر اصلاح کی غرض سے ہو تو حلال ہے اور اگر تخریب کاری یا اس میں فتنہ وفساد کا شائبہ ہو یا شہوت اور نفسانی خواہشات کی تکمیل کرنا مقصد ہو تو یہ غیبت حرام ہے اور ناجائز ہے۔ 6 جگہ غیبت جائز ہے جو فساد کو ختم کرتے ہیں جبکہ ناجائز غیبت فساد پیدا کرتی ہے۔ 6 قسم کی جائز غیبت کے دلائل امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے ریاض الصالحین میں جمع کر دیا ہے۔

**یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"**

- انصاف کرنے کا حکم، ایمان اور ارکان ایمان کا بیان (135-136)
- منافقین کا تذکرہ اور دشمنان اسلام کی دوستی سے ممانعت (137-147)
- مظلوم ظالم کی برائی بیان کر سکتا ہے (148-149)

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)